سوال

(200) کیا حضرت مولانا شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا عبدالیٔ لکھنوی حنفی تھے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا حضرت مولانا شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا عبدالیٔ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ ہر دو حضرات حنفی تھے ۔ یا اہلحدیث ۔ ؟ اگر حنفی تھے تو سورہ فاتحہ خلاف الامام کی کیوں تایند کرتے تھے ۔ اگر کرتے تھے ۔ تو غالباً خود بھی امام کے پیچھے فاتحہ پڑھتے ہوں گے ۔ اگر اہل حدیث تھے تو یہ کیوں مشہور ہے ۔ کہ آپ حنفی تھے ۔ (ایضاً)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مولانا عبدالحیٔ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ تو اپنے آپ کو حنفی لکھتے تھے ۔ شاہ صاحب بلباس حنفیت عامل تھے ۔ مگر احادیث کا ان پر اثر تھا ۔ اس لئے بہت سے مسائل حدیثیہ کے قائل تھے ۔ مثلاً شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ رفع الیدین کی بابت فرماتے ہیں ۔

والذيرفع احبالی ممن لایرفع جو رکوع کے وقت رفع یدین کرتا ہے ۔ وہ نہ کرنے والے سے محبوب تر ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد 2 ص 153

محدث فتویٰ